محمد اسلم شاہ (لندن)

بیرون وطن اشیائے ضرورت خریدتے وقت احتیاط کی ضرورت

آئے دن پاکستانی اخبارات میں یورپ کی سیر اور یورپ کے کھانوں کے متعلق مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ جن میں فخریہ طور پر بتایا جاتا ہے کہ یورپ کے کھانوں سے کیسے لطف اندوز ہونا چاہیے۔ حالانکہ یورپ کے کھانے اور اشیائے خوردو نوش یا ایسی اشیاء جو ہمارے روزمرہ کے استعمال میں آتی ہیں، یا تو ان میں حرام جانوروں کی چربی یا ان جانوروں کی چربی استعمال کی جاتی ہے جو اسلامی طریقے پر ذبح نہیں کئے گئے لہذا ہمارے مسلمان بھائی بہنیں جو یوریپن ملکوں کا سفر اختیار کرتے ہیں۔ ان کو چاہیے کہ وہ مشکوک یا وہ چیزیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اور پھر نبی اکرم ﷺ نے حرام قرار دیا ہے استعمال نہ کریں۔

امریکہ یورپ اور جامع لبنان و وزارت عدل امور اسلامیہ و اوقاف متحدہ عرب امارت شارجہ کی تحقیق کے مطابق جن اشیاء میں خنزیر کی چربی یا حرام جانوروں کا جز شامل ہے۔ ذیل میں انہیں بیان کیا جارہا ہے۔

نیو یارک (امریکہ) سے شائع ہونے والے روز نامہ اسلامک ورلڈ نیوز (اخبار عالم اسلامی) میں شائع شدہ ایک خط میں کہا گیا ہے۔ کہ امریکی کمپنی کالگیٹ KOLGATE و پام لیف PALM LEAF کی اکثر مصنوعات میں ایسا روغنی مادہ استعمال ہوتا ہے جو خنزیر کی چربی سے حاصل کیا جاتا ہے۔ وہ اشیاء یہ ہیں۔

(۱) صابن کیمی (CAMY) (۲) ایوری (EVERY) (۳) لتا (LATA) (۴) ایسٹ (EIST) (۵) سیف گارڈ (SAFE GARD) (۶) سی سوپ (C SOAP) (۷) لیلیٹ (LILIET) (۸) برل کریم (CREAM BRYL) بالوں والی (۹) پسینہ کو بو زائل کرنے والا مادہ وغیرہ۔ بسکٹ اور غذائی اشیاء بھی ہیں جن کی پیکنگ پر اجزائے ترکیبی کے ضمن میں لکھا ہوتا ہے کہ اس میں گیلاٹین شامل ہے۔

(GEALA TINE) یہ مادہ گیلاٹین سور کی چربی سے حاصل کیا جاتا ہے۔

اسلامک گیدریشن موومنٹ (حرکتہ المجتمع الاسلامی) کے مطابق مندرجہ ذیل اشیاء میں خنزیر سے حاصل کئے گئے روغنیات شامل کئے گئے ہیں۔

(۱) پرنس چاکلیٹ (PRINCE) (۲) کولگیٹ کمپنی کی بنی ہوئی ٹوتھ پیسٹ (TOOTH PASTE KOLGATE) کیمی اور لکس (LAX) صابن (۴) امریکی پنیر کرافٹ (KRAFT CHESE) اور کرافٹ کی دیگر مصنوعات (۵) راماک پنیر (RAMAK CHESE) (۶) لارڈ (LARD) اس کے معنی خنزیر کا روغن ہے جو اس طرح بک رہا ہے جس طرح گھی بکتا ہے اس کے علاوہ یہ روٹی۔ بسکٹ۔ سوئٹس میں استعمال ہوتا ہے اور گوشت کے بند ڈبوں میں شامل کیا جاتا ہے۔ (۷) شارٹننگ (SHORTENING) اس کا مطلب حیواناتی یا نباتاتی۔ یا دونوں کا ملا جلا روغن ہے۔ اور یورپ کے اکثر ماکولات میں یہ روغن ملایا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ اور روغنیات میں سستا ہے۔ (۸) پورک (PORK) سؤر کے گوشت کو کہا جاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ کئی ناموں سے ملتا ہے۔ جن میں سے اہم ترین ہمپشائر (HAMPSHIRE) یا HAM اور بیکن (BACON) سوائن SWAYNE خنزیر کا اپنا نام

ہے ان تمام ناموں سے بکنے والی اشیاء سے بچنا ضروری ہے۔ ایسے ہی اشیاء کی پیکنگ بھی دیکھ لینا چاہیے کہ حرام مواد پر مشتمل تو نہیں۔ انگلش ڈبل روٹی کے لفافے پر لکھی ہوئی ترکیب اجزا دیکھ لیں کہ اس میں کون سا روغن استعمال کیا گیا ہے۔ اگر نباتاتی روغن یا گھی وغیرہ استعمال کیا گیا ہے۔ اگر نباتاتی روغن یا گھی ہو تو حلال ہے۔ امریکی نان زیادہ تر خنزیر کے روغن سے تیار ہوتے ہیں۔ اور ان کے پیکٹوں پر مختلف الفاظ لکھے ہوتے ہیں۔ مثلاً
شارٹننگ (LARD SHORTINING) اینمل شارٹننگ (ANIMAL SHORTENING) وغیرہ وغیرہ۔

لوبیئے کے ڈبے پر اگر (BEAN SPORK) لکھا ہو تو سمجھ لیں لوبیئے میں خنزیر کا گوشت بھی شامل ہے۔ لہذا وہ لوبیا BEAN حرام ہے۔ تمام بسکٹ کیک۔ پیسٹریاں اور ٹوتھ پیسٹ وغیرہ تیل یا حرام چربی کے روغن سے استعمال ہوتی ہیں۔ لہذا ان میں خنزیر کے روغن کا غالب امکان ہے جو کہ (LARD SHORTENING) لارڈ شارٹننگ وغیرہ الفاظ سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

گاء ایک غذائی مادہ ہے جو حیواناتی کھالوں ہڈیوں اور کُھر سے حاصل کیا جاتا ہے اور امریکہ میں کثرت سے بازار بکنے والے اس مادے سے احتراز ضروری ہے۔

بعض اشیاء خوردنی کے مرکباب میں مندرجہ ذیل حرام اجزا کی ملاوٹ ہوتی ہے۔

(۱) GELATIN کے مرکبات میں حرام جانوروں کی ہڈیوں و چربی کا جز شامل ہوتا ہے۔

(۲) ANIMAL FAT حرام جانور کی چربی۔

(۳) ALCOHOL روح شراب۔

(۴) GLYCEROL حیواناتی اجزاء کی آمیزش۔

(۵) PIG FATE خنزیر کی چربی۔

(۶) گلسّرین GLYCERINE حیواناتی روغن کی آمیزش۔

(۷) BEAF-FATE اس گائے کی چربی جو حرام طریقہ پر ذبح کی گئی۔

(۸) RBNNET جما ہوا دودھ۔ جو شیر خوار بچھڑے کے معدے میں پایا جاتا ہے اور دودھ جمانے یا پنیر بنانے کے کام آتا ہے۔

اسلامی ممالک میں بدیسی مال امپورٹ کرنے والے اداروں پر لازم ہے کہ وہ جن ممالک سے مال امپورٹ کرتے ہیں وہاں کی حکومتوں سے سرکاری طور پر حلال مال کی یقین دہانی حاصل کریں۔

ارشادِ نبوی

علم مومن کا دوست ہے، عقل اس کی دلیل ہے اور عمل اس کی قیمت ہے۔

(تحریک طلبائے اسلام پاکستان)